13 اکتوبر، 2020

محترم دوستو اور ہمسائیو،

COVID-19 کے خلاف ردعمل کے حوالے سے Lakeridge Health کی کاوشوں کی تازہ ترین معلومات کا اشتراک کیے ہمیں کچھ عرصہ ہو گیا ہے۔

کچھ مستحکم موسم گرما اور اوائل خزاں کے بعد، COVID-19 کی شرح ڈرہم کے علاقے اور پورے اونٹاریو میں بڑھ رہی ہے۔ ہمیں Lakeridge Health میں COVID-19 کے ہسپتال میں موجود مریضوں کی تعداد میں اضافہ دیکھنے کو مل رہا ہے۔

یہ بڑھتی ہوئی منتقلی کی شرح باعث تشویش ہے اور ہمارے نظام، معیشت اور ازخود ہمارے لیے خطرہ ہیں۔ یہ ہمارے لیے عملی اقدام کرنے کا تقاضا ہیں کہ مبادیات کو دوگنا کر لیں - یعنی اپنے خاندانی حلقہ احباب سے خود کو جسمانی طور پر دور کرنا، ماسکس پہننا اور اپنے ہاتھ بکثرت دھونا۔

یہ بنیادی حفاظتی طرزعمل COVID-19 کے پھیلاؤ کو کم کرنے، ہمیں، خاندان، دوستوں اور شریک کارکنان کو محفوظ رکھنے میں مؤثر ثابت ہوئے ہیں۔ کمیونٹی میں کیسوں کے بڑھتے بوجھ کو کم کرنے اور روکنے کے لیے، اپنی مجموعی کوششوں کا دوبارہ فوکس کرنا اہم ہے۔

Lakeridge Health کا دورہ کرنا

یہ یقینی بنانے کے لیے کہ ہم اپنے مریضوں اور ٹیم کو محفوظ رکھتے ہیں، ہم COVID-19 کی علامات یا سامنا ہونے کے حوالے سے ہسپتال میں داخل ہونے والے تمام افراد کا معائنہ کرنا جاری رکھتے ہیں۔ **یہ یاد رکھنا اہم ہے کہ Lakeridge Health مرکز میں داخل ہونے والے ہر شخص کو ماسک پہننا ضروری ہے۔**

Lakeridge Health سروسز

موسم بہار اور موسم گرما میں وبا کی پہلی لہر کے دوران بعض خدمات میں نمایاں کمی کے بعد، ہم نے اپنے ہسپتال کے مقامات پر اپنی خدمات کو حتیٰ الامکان محفوظ بنانے کے لیے خدمات شروع کر دی ہیں۔ اس میں سرجری اور ایمبولیٹری خدمات شامل ہیں۔

جیسا کہ ہم دوسری (لہر) کی منصوبہ بندی کر رہے ہیں، ہم بعض سرگرمیوں یا ان کی نوعیت میں کمی کا منصوبہ بنا رہے ہیں، کیونکہ یہ ہسپتال میں مریضوں میں نمایاں اضافے کی وجہ سے درکار ہے۔ سرجری اور COVID-19 سے متعلقہ ہمارے اصولوں کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، یہ لنک ملاحظہ کریں۔

علاقائی ردعمل

ستمبر میں، نئی صوبائی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے طلباء کو کلاس میں اور دور سے تدریس کا مرکب استعمال کر کے محفوظ طور پر تعلیمی ماحول کی طرف واپس لے جانے میں مدد کے لیے اسکولوں نے طلباء کو واپس خوش آمدید کہا۔ Lakeridge Health اور ہمارے پارٹنر پورے علاقے میں ڈرہم کے علاقے کے محکمہ صحت کے ساتھ تعاون کر رہے ہیں جو ڈرہم کے اسکولوں میں COVID-19 کی مقامی شدت کے خلاف ردعمل میں سرکردہ کردار ادا کر رہا ہے۔

COVID-19 جانچ

گزشتہ چند ہفتوں میں، صوبے بھر، بشمول ڈرہم کے علاقے میں COVID-19 کی جانچ کا مطالبہ ڈرامائی طور پر بڑھا ہے۔ موسم گرما کے مہینوں میں 300 تا 400 لوگوں نے جانچ کی روزانہ بنیادوں پر درخواست کی۔ گزشتہ ہفتے، روزانہ کی درخواستیں فی ہفتہ 2,300 تک بڑھی ہیں۔
طلب میں اضافے سے، جانچ کی نئی صوبائی ہدایات، جو زیادہ خطرے والے افراد کے لیے ٹیسٹوں کو ترجیح بند کرتی ہیں وہ اونٹاریو بھر میں COVID-19 کے معائنہ مراکز پر نافذ ہو چکی ہیں۔

COVID-19 ٹیسٹ کے لیے اہل فراد میں درج ذیل میں سے ایک ہونا ضروری ہے:

- COVID-19 کی علامات۔ COVID-19یہ لنک سے متعلقہ علامات کے لیے ملاحظہ کریں؛
- موصول شدہ صحت عامہ یا COVID-19 کے انتباہ کی APP کی سامنا ہونے کی اطلاع۔ (براہ کرم ایپ Ontario.ca/covidalert پر ڈاؤن لوڈ کریں (اگر آپ نے پہلے سے اسے ڈاؤن لوڈ نہیں کیا)؛
- ایسی جگہ کام کرنا یا رہنا جہاں وبا پھوٹ چکی ہو، اور موصول شدہ صحت عامہ کی ہدایت کی جانچ ہونی ہے؛
- کسی طویل مدتی نگہداشت کے مرکز، ریٹائرمنٹ ہوم، پناہ گاہ، گروپ ہوم یا دیگر اجتماعی نگہداشت/مشترکہ رہائش کے ماحول میں کام کرنا یا رہنا؛
- کسی ایسے گروپ کا حصہ ہیں جسے وزارت صحت، طویل مدتی نگہداشت یا صحت عامہ نے جانچ کے لیے ہدف بنایا۔

کسی ٹیسٹ کے لیے آپ کی اہلیت کے بارے میں مزید معلومات کے لیے براہ کرم Lakeridge Heath کا COVID-19معلومات کا صفحہ ملاحظہ کریں۔

کسی ٹیسٹ اور/یا جانچ کے لیے اپوائنٹمنٹ کیسے حاصل کریں
کوئی ٹیسٹ، اور اگر درکار ہو تو معائنہ حاصل کرنے کے لیے آن لائن فارم مکمل کرنے کے لیے covidswab.lh.caپر جائیں۔ آپ کی اپوائنٹمنٹ کے لیے ہدایات آپ کو خودبخود ای میل کر دی جائیں گی۔ اگر آپ کے پاس کمپیوٹر یا وائی فائی نہ ہو تو معاونت کے لیے 1-800-841-2729 پر DRHD سے رابطہ کریں۔
آپ کی اپوائنٹمنٹ پورے ڈرہم میں کسی COVID-19 معائنہ مرکز پر بک کی جائے گی۔ جس کسی میں شدید علامات ہوں اسے ہمارے ایمرجنسی شعبہ جات میں سے کسی ایک پر جانا چاہیے یا 911 پر کال کرنی چاہیے۔

اگر آپ نے کوئی ایسا ٹیسٹ بک کیا ہے جو آپ کو مزید درکار نہیں ہے تو یہ اہم ہے کہ اپنی اپوائنٹمنٹ منسوخ کر لیں تا کہ ہم خطرے سے درکار کسی اور کو یہ تفویض کر سکیں۔

فارمیسیوں میں جانچ کرنا
اب بعض فارمیسیاں علامات کے بغیر لوگوں کے لیے COVID-19 کی جانچ فراہم کرتی ہیں جنہیں COVID-19 کی جانچ درکار ہوتی ہے۔ جانچ کے لیے اہلیت، ٹیسٹ کیسے بک کریں اور اپنے نزدیک فارمیسی تلاش کرنے کے لیے Ontario.ca/covidtest ملاحظہ کریں۔

جانچ کے نتائج
افراد کو اپنے ٹیسٹ کے نتائج عموماً 3-5 دن میں موصول ہو جاتے ہیں۔ تاہم، انتظار کا وقت تبدیل ہو سکتا ہے اور اس میں کچھ وقت لگ سکتا ہے۔ اگر آپ اس مدت کے بعد Ontario.ca کے ذریعہ اپنے ٹیسٹ کے نتائج تلاش کرنے سے قاصر ہیں تو 905- 721-4842 پر COVID معائنہ مرکز کو کال کر سکتے ہیں۔ چونکہ کالز میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، تو براہ کرم صبر رکھیں۔ ٹیسٹ کے نتائج کا انتظار کرتے وقت وائرس کا پھیلاؤ روکنے میں مدد کے لیے، صحت عامہ کی جانب سے طے کردہ تمام خود کو الگ تھلگ کرنے کی ہدایات کی پیروی ضروری ہے۔

اس عالمی وبا سے مقابلہ کرنا جاری رکھتے ہوئے ہم اپنی کمیونٹی کو باخبر رکھنے میں پرعزم ہیں۔ براہ کرم Lakeridge Health کا COVID-19 معلومات کا صفحہ چیک کرنا جاری رکھیں، اور ہم نئی ہدایات اور اپ ڈیٹس موصول ہوتے ہی شیئر کرنا جاری رکھیں گے۔

اس نامعلوم علاقے کو اکٹھے نیویگیٹ کرتے ہوئے آپ کے غیر متزلزل تعاون اور ہمدردی کا شکریہ۔

براہ کرم محفوظ اور بخیر رہیں،

Dr. Tony Stone
عارضی صدر اور سی ای او

Susan deRyk
چیف آف سٹاف